(Urdu Version)

کوروناویک (CoronaVac) کی COVID-19 ویکسین (Vero Cell) کی ویکسینیشن کے متعلق حقائق نامہ، غیر فعال

1. کوروناویک (CoronaVac) کیا ہے اور کس لیے استعمال ہوتی ہے[1]

کوروناویک (CoronaVac) کے بارے میں نشاندہی کی گئی ہے کہ یہ سارس کوو-2 (SARS-CoV-2) وائرس کے باعث لگنے والی COVID-19بیماری کے خلاف فعال تحفظ فراہم کرتی ہے۔

یہ ویکسین بیماری سے بچاؤ اور روک تھام (استعمال برائے ویکسین) ریگولیشن (کیپ 599K) کے تحت استعمال کے لیے تسلیم شدہ ہے۔ ہانگ کانگ میں دواسازی اور زہر آرڈیننس (کیپ 138) کے تحت اس کی رجسٹریشن نہیں کی گئی ہے۔

کوروناویک (CoronaVac) کو 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے مشتبہ افراد کے لیے تجویز کیا گیا ہے۔ طبی آزمائشوں کے اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ ویکسین لگوانے کے بعد غیر موثر اینٹی باڈیز بدن میں سرایت کر جائیں گی۔ چین کی حدود سے باہر منعقدہ مرحلہ III کی طبی آزمائشوں میں، صرف 5.10٪ فیصد شریک افراد 60 سال یا اس سے زیادہ عمر کے تھے، لہذا، 60 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد میں اس کی افادیت کا ثبوت ناکافی ہے۔ اس آبادی میں افادیت کی مزید تشخیص کے لیے بعد ازاں طبی آزمائشیں کی جائیں گی۔ متعلقہ طبی اداروں کے ذریعے 60 یا اس سے زیادہ عمر کے لوگوں میں کوروناویک (CoronaVac) استعمال کرتے وقت، صحت کی کیفیت اور بیماری لگنے کے خطرے پر غور کیا جائے گا۔

[براہ مہربانی نوٹ کریں، ہانگ کانگ میں کوروناویک (CoronaVac) کی دستیابی میں تیزی لانے کے لیے، سیلز پیک/لیبل میں بعض متن سے متعلقہ معلومات (بشمول انگریزی نام؛ دورانیہ خوراک اور ایکسپائری تاریخ) اور کوروناویک (CoronaVac) کی ابتدائی کھیپ میں مدخوالہ دوا کیپ 599K کے تحت ہنگامی استعمال کے لیے ویکسین فراہم کنندہ کے ذریعہ مہیا کردہ نسخہ سے مختلف ہیں۔ اس کے باوجود، اس حقائق نامہ میں فراہم کردہ تمام معلومات اجازت شدہ نسخہ سے باہم مماثل ہیں۔ چونکہ وقتاً فوقتاً پراڈکٹ کی معلومات کو اپ ڈیٹ کرنے کا امکان موجود رہتا ہے، لہذا آپ تازہ ترین معلومات کے لیے ذیل میں فراہم کردہ ربط ملاحظہ کر سکتے ہیں۔
[-https://www.fhb.gov.hk/download/our_work/health/201200/e_evaluation_report_CoronaVac.pdf

2. کوروناویک (CoronaVac) لینے سے پہلے آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے[1]

کوروناویک (CoronaVac) ایسے افراد کو نہیں دی جانی چاہیے

- ویکسین یا اس جیسی ویکسینوں کے کسی بھی جزو (فعال* یا غیر فعال* اجزاء، یا تیاری کے عمل میں استعمال ہونے والے کسی بھی مواد) سے الرجی آمیز ری ایکشن کی ہسٹری رکھنے والے افراد
- ویکسین کے بارے میں پہلے سے سنگین الرجی آمیز ردعمل رکھنے والے افراد (جیسے، ایکیوٹ اینافائلیکسس، انجیوئڈیما، ڈسپنیا، وغیرہ)۔
- سنگین اعصابی کیفیات کے شکار افراد (جیسے، ٹرانسورس مائیلائٹس، گولین-بیری سنڈروم، ڈیمیلینیٹنگ امراض وغیرہ)۔
- سنگین دائمی بیماریوں کے مریض جن کا مرض بے قابو ہو۔
- حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین۔

*بشمول غیر فعال سارس کوو-2 (SARS-CoV-2) (CZ02 سٹرین) ، ایلومینیم ہائڈرو آکسائیڈ، ڈائی سوڈیم ہائیڈروجن فاسفیٹ ڈوڈیکاہائیڈریٹ، سوڈیم ڈائی ہائیڈروجن فاسفیٹ مونوہائیڈریٹ، اور سوڈیم کلورائیڈ۔

---

[1] ادویاتی کمپنی کے ذریعے فراہم کردہ معلومات کے مطابق

احتیاطی تدابیر

- اس ویکسین کے ذریعہ تحفظ کو برقرار رکھے جانے کے حوالے سے ناکافی اعداد و شمار کے باعث، COVID-19 وبا سے بچاؤ اور روک تھام کی مناسبت سے ضروری حفاظتی اقدامات اٹھائے جائیں۔
- سنگین بیماریوں، دائمی بیماریوں کے شدید بگاڑ ، سنگین دائمی بیماریوں، الرجی کے مسائل اور بخار کی زائد شدت کے مریضوں کے حوالے سے، ویکسین کا استعمال احتیاط کے ساتھ کیا جانا چاہیے؛ اگر ضروری ہو تو، ڈاکٹر کے معائنہ کے بعد ویکسین لگوانے میں تاخیر کریں۔
- ذیابیطس کے مریضوں اور کپکپی، مرگی، انسیفیلوپیتھی، دماغی بیماری یا اس حوالے سے خاندانی ہسٹری کے مریضوں میں، ویکسین کا استعمال احتیاط کے ساتھ کیا جانا چاہیے۔
- تھرومبوسائٹوپینیا یا جریان خون کی بیماریوں کے مریضوں میں، اس پراڈکٹ کے در سالمی یا انٹرامسکلر انجیکشن سے خون بہہ سکتا ہے، لہذا اسے احتیاط کے ساتھ استعمال کیا جانا چاہیے۔
- کمزور مدافعتی نظام رکھنے والے افراد (جیسا کہ مہلک ٹیومر، نیفروٹک سنڈروم، ایڈز کے مریضوں) کے حوالے سے اس پراڈکٹ کے تحفظ اور افادیتسے متعلق ڈیٹا حاصل نہیں ہو پایا ہے، اور اس پراڈکٹ کی ویکسینیشن انفرادی کیفیات کے پیش نظر ہونی چاہیے۔
- ایسے افراد جو انسان سے وصول کردہ امیونوگلوبلین وصول پاتے ہیں انہیں مدافعتی اثر کو متاثر ہونے سے بچانے کے لیے کم از کم ایک ماہ کے وقفہ سے یہ ویکسین لگوان چاہیے۔
- اگر ویکسین لگوانے کے بعد اعصابی نظام کا کوئی منفی ردعمل سامنے آئے تو اسے دوبارہ استعمال نہ کریں۔
- دیگر ویکسینوں کی طرح، حفاظتی اثر تمام وصول کنندگان کے لیے 100٪ تک نہیں پہنچ سکتا ہے۔
- ویکسین لگوانے کے بعد 30 منٹ تک مشاہدہ کریں۔

بچے پیدا کرنے کی عمر رکھنے والی خواتین:

ویکسین لگوانے کے بعد غیر متوقع حمل کی لپیٹ میں آنے والی خواتین کے حوالے سے طبی آزمائشوں سے جمع کردہ اعداد و شمار نہایت محدود ہیں، اور ویکسین لگوانے کے بعد حمل کے منفی نتائج کے خطرے سے متعلق نتیجہ اخذ کرنے کے حوالے سے یہ ناکافی ہیں۔

حاملہ یا دودھ پلانے والی خواتین:

حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین کا کلینیکل ڈیٹا فی الوقت دستیاب نہیں ہے۔

60 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد:

عام طور پر کوروناویک (CoronaVac) کو استعمال کرنے کا فائدہ 60 سال کے افراد میں کسی قسم کی ویکسین استعمال نہ کرنے کے خطرہ سے زیادہ ہوتا ہے۔ فیز 1 اور II کے 60 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد کے اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ یہ ویکسین لینے کے حوالے سے محفوظ ہے اور بیماری سے تحفظ فراہم کرتی ہے۔ نمونہ کے مختصر حجم کی وجہ سے 60 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد کے لیے مرحلہ III کا افادی ڈیٹا محدود نوعیت کا ہے۔

دیگر ادویات اور کوروناویک (CoronaVac)

- دیگر ویکسینوں کے ملاپ کے ساتھ استعمال: ایک ہی وقت میں (ماقبل، مابعد یا بیک وقت) دیگر ویکسینوں کے مقابلے میں قوت مدافعت کے ردعمل کی تشخیص کی نسبت سے بیماری سے تحفظ کے حوالے سے مطالعہ نہیں کیا گیا ہے۔
- دیگر ادویات کے ساتھ ہم آہنگ استعمال: قوت مدافعت کو دبانے والی ادویات، جیسا کہ امیونو سپریسو ادویات، کیموتھراپی ادویات، اینٹی میٹابولک ادویات، الکائی لیٹنگ ایجنٹس، سائٹوٹاکسک ادویات، کورٹیکوسٹیرائڈ ادویات وغیرہ، اس پراڈکٹ کے حوالے سے مدافعتی ردعمل کو کم کر سکتی ہیں۔
- زیر علاج مریض: زیر علاج مریضوں کے لیے، ادویات کے ممکنہ تعاملات یا انٹرایکشنز سے بچنے کے لیے براہ مہربانی کوروناویک (CoronaVac) استعمال کرنے سے پہلے طبی پیشہ ور فرد سے مشورہ کریں۔

3. کورونا ویک (CoronaVac) کس طرح سے دی جاتی ہے[1]

- ابتدائی تحفظ کے لیے دو خوراکوں کا بندوبست کیا جاتا ہے۔ دوسری خوراک پہلی خوراک کے 28 دنوں کے بعد دی جاتی ہے۔ فی خوراک 0.5 ملی لیٹر۔
- کورونا ویک (CoronaVac) اوپری بازو کے تکونیا حصے میں انٹرامسکلر انجیکشن کے ذریعہ دیے جانے کا انتظام کرنا چاہیے۔
- یہ تعین نہیں کیا جا سکا ہے کہ آیا اس پراڈکٹ کے حوالے سے بوسٹر امیونائزیشن کی ضرورت پڑتی ہے۔

چیف ایگزیکٹو کے ماہر ایڈوائزری پینل (جے ایس سی-ای اے پی) کے ذریعہ ابھرتی ہوئی اور زونوٹک بیماریوں اور ویکسین کی روک تھام کرنے والی بیماریوں کی مشترکہ سائنسی کمیٹیوں کی حالیہ سفارش کے مطابق، وہ افراد جو COVID-19 انفیکشن سے صحت یاب گئے ہیں انھیں ذاتی تحفّظ کو مزید مستحکم بنانے کے لئے COVID-19 ویکسین کی صرف ایک خوراک وصول کرنے کا صلاح دیا جاتا ہے۔ وہ افراد جو غیر فعال شدہ ویکسین وصول کرنا چاہتے ہیں انہیں ما قبل کے انفیکشن سے صحت یاب ہونے کے بعد کم از کم 180 دن کا انتظار کرنا چاہئے۔

4. ممکنہ ضمنی اثرات[1]

نہایت عام ضمنی اثرات: جن سے 10%≦ افراد متاثر ہوسکتے ہیں

- انجیکشن کی جگہ پر: درد
- سر درد
- تھکاوٹ

عام ضمنی اثرات: جن سے 1%-10% افراد متاثر ہو سکتے ہیں

- سردی لگنا
- شدید خارش
- بھوک میں کمی
- گانٹھ
- گلے کی سوزش
- ناک بھر جانا
- پیٹ کا درد
- انجیکشن کی جگہ پر سوجن، شدید خارش، جلد پر سرخ دھبے، سن ہونے کی کیفیت
- عضلات میں درد
- متلی
- اسہال
- گٹھیا
- کھانسی

غیر عمومی ضمنی اثرات: جن سے 0.1%-1% افراد متاثر ہو سکتے ہیں

- لرزش
- سنکی پن
- رگ میں پانی بھر جانا
- چکر آنا
- غنودگی
- انجیکشن کی جگہ پر جلن
- قے
- انتہائی حساسیت
- غیر عمومی جلد اور لعابی جھلی
- بخار

شاذ و نادر ضمنی اثرات: جن سے %0.1-%0.01 افراد متاثر ہو سکتے ہیں

- سونگھنے کی حس میں کمی
- بصری جکڑن
- ناگہانی تپش
- ہچکی
- آشوب چشم کی جکڑن
- پٹھوں میں اینٹھن
- آنکھ کی پتلیوں میں ورم
- نکسیر پھوٹنا
- پیٹ کا پھولنا
- قبض

انتہائی غیر معمولی منفی اثرات: <0.01٪ افراد کو متاثر کر سکتا ہے

- بیلس پالسی#

منظوری کے بعد ہانگ کانگ میں مشاہدہ کیا گیا

سنگین منفی کیفیت

- ویکسینیشن سے متعلق کسی سنگین منفی کیفیت کی 3 فروری 2021 تک نشاندہی نہ ہو پائی ہے۔

5. <u>تحفظ کے بعد ناخوشگوار وقوعات کی رپورٹنگ</u>

ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ ("DH") کا ایک ایڈورس ڈرگ ری ایکشن ("ADR") اطلاعی نظام قائم ہے جو کہ بیماری سے تحفظ یا مامونیت کے بعد ناخوشگوار کیفیات (AEFIs) کی اط؛اعات وصول پاتا ہے تاکہ COVID-19 ویکسینز کی محافظت یا حفاظتی صلاحیت کا جائزہ لے سکے۔ اگر آپ کے بیماری سے تحفظ کے بعد مشتبہ ناخوشگوار کیفیت علم میں آئے تو، براہ مہربانی ہیلتھ کیئر کے پیشہ ور افراد (مثلاً ڈاکٹروں، دندان سازوں، فارماسسٹس، نرسوں اور چائنیز میڈیسن پریکٹیشنرز) کو آگاہ کریں، جب کہ ان سے مشاورت کر رہے ہوں، تاکہ وہ AEFIs کے متعلق DH کو مطلع کر سکیں اگر وہ یہ سمجھتے ہیں کہ AEFIs کا کوئی تعلق ویکسین لگوانے سے ہو سکتا ہے۔

COVID-19 ویکسینیشن سے وابستہ تحفظ اور طبی کیفیات کی مسلسل پڑتال کے لیے، آپ کا ویکسینیشن کی غرض سے جمع کردہ ذاتی ڈیٹا اور ہاسپٹل اتھارٹی اور متعلقہ پرائیویٹ ہیلتھ کیئر سہولتی مقامات اور ہیلتھ کیئر پروفیشنلز کی طرف سے رکھے جانے والے کلینکل ڈیٹا تک، ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ اور متعلقہ ادارے جو حکومت سے اشتراک کر رہے ہوں (بشمول یونیورسٹی آف ہانگ کانگ) رسائی پا سکتے ہیں اور انہیں استعمال میں لا سکتے ہیں اگر ایسی معلومات معائنہ کے مقصد کے لیے ضروری ہو۔

ایسے حالات میں جب انجکشن کی جگہ پر انجکشن کے 24 گھنٹے بعد درد یا سرخی بڑھ جائے؛ یا آپ کے ضمنی اثرات آپ کو پریشان کر رہے ہوں یا ایسا نہ نظر آ رہا ہو کہ یہ کچھ دنوں میں دور ہو جائیں گے تو، براہ مہربانی اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔

اگر آپ طبی معاونت طلب کرتے ہیں تو، آپ ہیلتھ کیئر کے پیشہ ور افراد کو اپنی ویکسینیشن کی تفصیلات کے بارے میں آگاہ کرنے کو یقینی بنائیں اور انہیں اپنا ویکسینیشن کارڈ دکھائیں اگر دستیاب ہو۔ اس کے بعد ہیلتھ کیئر کے پیشہ ور افراد مناسب تشخیص کریں گے اور، اگر ضروری ہوا تو ، مزید کاروائی یا جائزہ کے لیے کسی بھی AEFI کی اطلاع ہیلتھ ڈپارٹمنٹ کو دیں گے جو کہ طبی طور پر اہم تصور کیا جاتا ہے تاکہ وہ اس پر مزید کاروائی کر سکیں اور اس کا جائزہ لے سکیں۔

براہ مہربانی ہیلتھ کیئر پیشہ ور فرد کو AEFI کو اطلاع کرنے دیں، اور اپنے بگڑے ہوئے کیس کی معلومات کو آگے پہنچانے کی رضامندی بھی دیں، ذاتی اور طبی ڈیٹا کو ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ تک پہنچنے دیں تاکہ COVID-19 سے متعلقہ محافظت اور کلینکل کیفیات کی مسلسل نگرانی کی جا سکے۔

ویکسین سے متعلق مزید معلومات اور ضمنی اثرات کے لیے، براہ مہربانی درج ذیل ویب سائٹ ملاحظہ کریں:
https://www.covidvaccine.gov.hk/

ہیلتھ کیئر پیشہ ور افراد کے لیے پیغام:

براہ مہربانی طبی معائنہ کا اہتمام کریں اور اگر آپ سمجھتے ہیں کہ ویکسین سے متعلقہ AEFI طبی حوالے سے اہم تصور کیا جا سکتا ہے تو، براہ مہربانی درج ذیل ویب پیج پر جا کر آن لائن رپورٹنگ کے ذریعے ہیلتھ ڈپارٹمنٹ کے ڈرگ آفس کو اس کی رپورٹ جمع کروائیں https://www.drugoffice.gov.hk/eps/do/en/healthcare_providers/adr_reporting/index.html -

اگر ویکسین وصول کنندہ بیماری سے تحفظ کے بعد سنگین ناخوشگوار کیفیت کا تجربہ کرے تو، براہ مہربانی ویکسین وصول پانے والے کو ہسپتال سے رجوع کرنے کا مشورہ دیں۔

☐ میں نے حقائق نامہ اور ذاتی ڈیٹا کی جمع آوری کے مقاصد کے لیے بیان میں فراہم کردہ تمام معلومات کو پڑھ اور سمجھ لیا ہے، اور میں COVID-19 ویکسینیشن پروگرام کے تحت اپنے / اپنے بچے / اپنے وارڈ* کے لیے COVID-19 ویکسینیشن کے انتظام کی رضامندی دیتا یا دیتی ہوں؛ اور ہیلتھ ڈپارٹمنٹ اور متعلقہ اداروں (حکومت کے ساتھ اشتراک کار (بشمول یونیورسٹی آف ہانگ کانگ)) کو (i) میرے / میرے بچے / میرے وارڈ* کے ذاتی ڈیٹا تک اور (ii) میرے / میرے بچے / میرے وارڈ* کے کلینکل ڈیٹا تک رسائی اور استعمال کی رضامندی دیتا یا دیتی ہوں جو کہ ہاسپٹل اتھارٹی اور متعلقہ پرائیویٹ ہیلتھ کیئر سہولتی مقامات اور ہیلتھ کیئر پیشہ ور افراد کے پاس ہے، جو کہ ہیلتھ ڈپارٹمنٹ کی طرف سے COVID-19 ویکسینیشن سے معلقہ محافظت اور کیفیات کی مسلسل پڑتال کے مقصد کے لیے ہے تاکہ اس مقصد کے لیے اس طرز کی رسائی اور استعمال ضروری ہو۔

*براہ مہربانی حذف کریں جیسا کہ مناسب ہو

اجراء کی تاریخ: 12 جولائی2021

ترجمہ شدہ ورژن صرف حوالہ کے لیے ہے۔
بالفرض ترجمہ شدہ نسخہ اور انگریزی نسخہ میں تفاوت پایا گیا تو، انگریزی نسخہ کو فوقیت دی جائے گی۔
مزید معلومات کے لیے، براہ مہربانی ملاحظہ کریں www.covidvaccine.gov.hk۔

Translated version is for reference only. Version date: 12 July 2021
In case of discrepancies between translated version and English version, English version shall prevail.
For more information, please visit www.covidvaccine.gov.hk